© rasailojaraid.com



میں ان کے اساتذہ کے حالاتِ زندگی پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ اور علی ہجویریؒ کے حصولِ علم کی روداد پیش کی گئی ہے۔ تیسرا باب درحقیقت کتاب کی جان اور موضوع ہے۔ اس میں کشف المحجوب کا مختصر خلاصہ پیش کیا ہے جسے بجا طور پر کشف المحجوب کا عطر کہا جا سکتا ہے۔ فاضل مقالہ نگار نے "کشفِ حجاب" کا عنوان قائم کر کے حضرت علی ہجویریؒ کے پیش کردہ علمی نکات پر گفتگو کی ہے۔ کتاب قابلِ مطالعہ ہے اور اس کا ہر لائبریری میں موجود ہونا ضروری ہے۔

---

## احوال و کوائف دارالعلوم

**شاندار نتیجہ** | دارالعلوم حقانیہ کے دورۂ حدیث شریف سال گذشتہ کے طالب العلم مولوی عبدالقیوم بن ملا شادی صاحب مقام شال ورہ ضلع کوئٹہ بلوچستان ۶۰۰ نمبرات میں سے ۵۱۸ نمبر لیکر وفاق المدارس العربیہ کے امتحانات میں شریک مدارس فوقانیہ میں ملک بھر میں اوّل نمبر پر کامیاب ہوئے۔ دوسری پوزیشن مدرسہ اسلامیہ نیوٹاؤن کراچی کے مولوی عبدالقیوم بن محمد عوض نے حاصل کی وفاق المدارس کے امتحانات دورہ میں ۲۹۷ طلبہ نے شرکت کی جس میں دارالعلوم حقانیہ کے طلبہ دورہ کی تعداد ۱۱۰ تھی۔ دارالعلوم اس شاندار کامیابی پر حق تعالیٰ کا شکر گذار ہے۔ مفصل نتیجہ اگلے پرچہ میں ملاحظہ فرمادیں۔ دارالعلوم کے مہتمم حضرت شیخ الحدیث صاحب اور وفاق کے ناظم اعلیٰ مولانا مفتی محمود صاحب نے اس شاندار کامیابی پر کامیاب فضلاء کو ہدیۂ تہنیت پیش کی ہے۔

**تعلیمی سال کا آغاز** | بحمد اللہ عزّوجل نامساعد حالات کے باوجود دارالعلوم کا نیا تعلیمی سال اپنے وقت پر شروع ہو چکا ہے۔ دارالحدیث میں تمام طلبہ اساتذہ وعملہ کے ایک بڑے مجمع میں ختمِ کلام پاک اور پھر حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کے درسِ ترمذی شریف سے اسباق کا آغاز ہوا اور حضرت نے علم کی اہمیت اور ذمہ داریوں پر مؤثر خطاب فرمایا۔ ملک وبیرون ملک سے طلبہ کی کثرت آمد کے باوجود محدود وسائل کی وجہ سے صرف ۱۰۰ طلبہ کو داخل کیا جا سکا جس میں دورۂ حدیث کے طلبہ کی تعداد ڈیڑھ سو سے متجاوز ہو چکی ہے۔

دارالعلوم کے دو اساتذہ حضرت مولانا محمد علی صاحب سواتی و حضرت مولانا جلال الدین صاحب افغانی سفرِ حج پر تشریف لے گئے ہیں۔

---

★

© rasailojaraid.com